سپیکر، کہ آپ لوگوں کے Fundamental rights پر ضرب لگائیں اور پھر جناب سپیکر، یہ 'Explanation-II' میں اگر آپ دیکھیں "For the purpose of this section 'alienor' means the person who was owner of alienated land before the 1st day of January, 2005" یعنی ہم مالک اسی کو تصور کریں گے کہ جو 1st January, 2005 سے پہلے مالک تھا، اب اگر 2005 سے 2010 تک کسی نے زمین بیچی ہے، کسی نے خریدی ہے تو Owner تو وہ ہو گا، اس کا مطلب ہے کہ وہ پیسے 2005 سے پہلے جو Owner تصور ہو گا، اسی کو ملیں گے۔ تو میری یہ درخواست ہو گی جی، ہم یہ نہیں کہتے، اگر آپ حکومت کو ضرورت ہے، بیشک آپ قانون سازی اگر سپیشل کرنا چاہتے ہیں لیکن ایسی قانون سازی جو Fundamental rights پر اثر انداز نہ ہو، ایسی قانون سازی جس سے ڈی آئی خان کے لوگوں کو تکلیف نہ ہو، تو درخواست ہو گی ہماری، بیشک آپ اس کو وہ کرلیں کہ ہم آپ کے ساتھ بیٹھ کر اس میں جو کلازز ہیں، وہ نکال کر آپ کو دے دیں گے، اس پر بات کریں گے تو وہ ٹھیک کرلیں گے۔

جناب سپیکر: جی مرید کاظم شاہ صاحب! آپ کہیں گے جی؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): جناب سپیکر صاحب، اس کا جواب تو لاء منسٹر صاحب دیں گے۔ سر، یہ کوئی ایسا قانون نہیں آرہا جو پہلی دفعہ آرہا ہو جی۔ یہ 1971 میں بھی آیا اور یہ اسی علاقے، ڈیرہ اسماعیل خان کے لوگوں کی فلاح کیلئے آیا ہے، انہی کے بنیادی حقوق کو Protect کرنے کیلئے آرہا ہے کیونکہ پراجیکٹ ایریا جب کوئی Declare ہو جاتا ہے، وہاں باہر سے لوگ چلے جاتے ہیں، غریبوں سے اونے پونے زمین لے لیتے ہیں اور پھر جب وہ پراجیکٹ 'کمپلیٹ' ہو جاتا ہے تو وہ زمین بیس ہزار والی ایک لاکھ پر چلی جاتی ہے اور اس میں غریب لوگوں کو وہ کیا جاتا ہے۔ آپ نے بہت سی جگہ پر دیکھا کہ عام جگہ پر، جہاں پراجیکٹ لینڈ ہوا، اسی پر بہت سے کیسز بھی آئے ہیں کہ بھئی، یہ لوگوں نے پہلے خرید لی ہے اور جہاں جہاں ان کی نشاندہی ہے سرکاری، لوگوں نے لے لی ہے اور کل اس پر دوسرے دن نیب سے کیسز آرہے تھے تو یہ Already جب چشمہ رائٹ بینک کینال 1971 میں ہوئی، اس وقت بھی بعینہٖ یہی قانون تھا اور کسی نے اس کے خلاف کوئی بات نہیں کی اور کوئی ایسی بات نہیں ہوئی جس میں پبلک کو یا کسی کو نقصان ہو۔ اس کے بعد جی یہ گومل زام آیا جو کہ سردار صاحب کے علاقے کی بات ہے، جہاں سردار صاحب خود Involve ہیں، انہی کے علاقے کی بات ہے، اس کا بھی نوٹفیکیشن ہوا ہے جی، 2001 میں آیا جی، بعینہٖ میرے پاس وہ نوٹیفیکیشن موجود ہے، وہ بھی اسی طرح ہوا کہ اس پر آج تک کسی نے اعتراض نہیں کیا۔ اگر

چلو چاہیئے گنڈاپور صاحب کہتے ہیں کہ اس وقت بھی چونکہ وہ Amendment 18th کیلئے وہ آ گئی، 17th Amendment میں وہ پاس ہو گئی لیکن کیا کسی کو تکلیف ہوئی، کیا انہوں نے کسی جگہ پر اس کو کورٹ میں چیلنج کیا؟ کیونکہ یہ Good faith میں کیا جاتا ہے جی، یہ اسلئے نہیں کیا جاتا کہ کسی کی زمین ہم لے لیں گے اور کسی اور کو دے دیں گے، یہ بالکل غلط ہے جی۔ یہ آپ اگر چشمہ رائٹ بینک کینال (لفٹ کم گریویٹی) دیکھیں، یہی چیز ہے، یہ جو گومل زام ہے، یہ چیز ہے اور یہی چیز ہم Good Faith میں لائیں گے اور یہ پراجیکٹ کی بات کر رہے ہیں۔ پراجیکٹ کی بات الاٹمنٹ کی تقریباً ہو چکی ہے لیکن ابھی ہمیں نہیں بتائی گئی، محکمے کے پاس وہ سروے موجود ہے، تو سروے ایک بہترین چیز ہے جس کو ایسے سبوتاژ کیا جا رہا ہے۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے، صحیح ہے۔ منسٹر صاحب! ذرا وضاحت کر دیں۔

جناب عبدالاکبر خان: جناب، میں وضاحت کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، میں وضاحت کرتا ہوں، انہوں نے کہا کہ یہ پہلے 1971 میں بھی ہوا، گومل زام میں بھی ہوا، جناب سپیکر، ہم یہ کہتے ہیں کہ آپ نے پراجیکٹ ڈیکلیئر نہیں کیا ہے تو آپ زمین کونسی بند کر رہے ہیں؟ آپ پراجیکٹ ڈیکلیئر کر لیں پھر اس زمین کو بند کر دیں۔ ابھی آپ سارے ڈی آئی خان کی زمین کو بند کر رہے ہیں جبکہ آپ کو پتہ نہیں ہے کہ پراجیکٹ کہاں پر ہے، آپکو پتہ نہیں ہے کہ آپ کی ڈیمار کیشن کہاں ہے، آپکو پتہ نہیں کہ آپکی کینال کدھر سے کدھر جائے گی، کتنے نمبر خسرے اس میں آئیں گے؟ اب آپ سارے ضلع کی زمین کو بند کر رہے ہیں۔ دیکھیئے جناب سپیکر، ہم اس کے مخالف نہیں ہیں، پراجیکٹ ابھی تک ڈیکلیئر نہیں ہے اور پہلے سے قانون سازی کر کے یہ تو پھنسانا چاہتے ہیں۔ پہلے اگر ایک قانون سازی ہوئی ہے تو وہ پراجیکٹ ڈیکلیئر ہوا ہوگا اور ڈیکلیئر پراجیکٹ کیلئے پھر انہوں نے قانون سازی کر کے زمین کو حاصل کیا ہوگا اور دوسری بات یہ ہے کہ اس قانون سازی میں کہیں بھی یہ نہیں لکھا تھا کہ پندرہ سال پہلے کی جو قیمت ہے ایک سالہ کی، وہ دی جائیگی۔ یہ دنیا میں کہیں نہیں ہوا ہے، یہ تو یہ ہے۔ میں کہتا ہوں دنیا میں ڈکٹیٹر شپ میں بھی اس طرح نہیں ہوا، زمین کی آج کی قیمت اور پندرہ سال پرانے کی قیمت میں زمین اور آسمان کا فرق ہے۔

جناب سپیکر: یہ اصل میں میرے خیال میں مخدوم صاحب، یہ ہماری زمینیں ساری خراب ہوئی ہیں، ہم لوگوں پہ پابندی لگا رہے ہیں کہ ادھر آ کر زمینیں نہ خریدیں، اسلئے کر رہے ہیں، کیا کر رہے ہیں؟ جی، لا منسٹر صاحب سے پوچھتے ہیں کہ انکے کیا Views ہیں جی؟ پھر ہاؤس کو Put کرتا ہوں۔

بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون): بڑی مہربانی جی۔ یہ میرے خیال سے منسٹر ریونیو صاحب نے اپنی طرف سے کافی اس کی وضاحت کر دی ہے لیکن چند Confusions جو کہ شاید کسی کے ذہن میں ہوں یا Create کی گئی ہوں کہ پراجیکٹ ایریا جو ہے، وہ اس میں Define نہیں ہے تو پراجیکٹ ایریا کیلئے جو ہے جی اس کا جو سیکشن 1 کی کلاز (2) ہے، اس میں لکھا ہے کہ "It shall extend to such areas and villages in Dera Ismail Khan District as Government may, from time to time, by notification in the official Gazette specify". دوسری بات جو ہے، 'Definition' میں (d) جو ہے، اس میں ہے کہ "'project area' or 'area' means the area consisting of the villages or portion of villages or areas notified by Government under sub-section (2) of section 1 of this Ordinance". ابھی بات یہ ہے جی کہ یہ مختلف طریقے ہوتے ہیں، بعض جگہوں پہ جو عام پراجیکٹس ہوتے ہیں، ان کیلئے قانون سازی نہیں کرنی پڑتی ہے لیکن جہاں پر آپکو اس Large scale، سکیل 62 کے اوپر لینڈ کی Acquisition کرنی ہے تو وہاں کیلئے Specially قانون سازی کیوں یہ ضروری سمجھتے ہیں؟ اس کے لحاظ سے میں یہ بات کرونگا کہ یہاں پر جو ہے، ایک تو بالکل ان کو یہ فکر نہیں کرنی چاہیئے جس کینال کیلئے جتنی زمین چاہیئے، جس ڈائریکشن میں وہ کینال نکلے گی، اسی ڈائریکشن میں وہ زمیں جائیگی، وہ Notify ہو جائے گی، وہ Villages یا وہ حصہ، ایک گاؤں کا جو حصہ ہے، وہ ہو گا اور پورے ڈیرہ اسماعیل خان کبھی اس Transaction میں، یہ لاء اس کے اوپر نہیں Apply کرتا، صرف جو Specified area ہے۔ دوسرا یہ Valuation کا انہوں نے کہا ہے، یہ نہیں کہا کہ 1995 یا 2000 کا جو ریٹ ہے، وہ ان لوگوں کو دیا جائے گا۔ یہ بالکل غلط تاثر ہے اور یہ کہا گیا ہے کہ جو کلکٹر ہے، اس کو، جو سیکشن 6 ہے اس میں کہ "The Collector shall value all lands in the project area of the average price of such land prevailing during the five years commencing from the 1st day of January, 1995 and ending with 1st day of January, 2000"، کہنے کا مقصد یہ ہے کہ اس کے پاس، چونکہ کافی عرصے سے Speculation ہے کہ یہ پراجیکٹ یہاں پہ آ رہا ہے، گورنمنٹ نے کئی مرتبہ اناؤنس بھی کیا ہے تو گورنمنٹ یہ سمجھتی ہے کہ یہاں پر اس وقت Land grabbers اس ملک میں ہیں، اگر کوئی کہتا ہے کہ اس ملک میں لینڈ مافیا نہیں ہے تو یہ ہم ماننے کو تیار نہیں ہیں، اس ملک میں ہے اور ملک کے ہر کونے میں یہ Land grabbers، یہ لینڈ مافیا پہنچ جاتا ہے اور یہ بڑے بااثر اور بڑے اثر ورسوخ والے لوگ ہوتے

ہیں اور کہیں پر بھی یہ پہنچ سکتے ہیں، تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر یہ لوگ وہاں پہنچ چکے ہیں اور انہوں نے یہ زمینیں 1995 میں یا 2000 میں خریدی ہیں، تاکہ ہمارا جو پراجیکٹ ہے، وہ اس سے Suffer نہ ہو، ہم صرف Speculated جو یہاں پر Dealings ہیں، اس حوالے سے باتیں کریں گے، باقی جو Determination of value ہوگا، اس کیلئے سیکشن 6 کا سب سیکشن (2) جو ہے-----

<u>جناب اسرار اللہ خان گنڈا پور:</u> جناب سپیکر، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، میں اس پہ لاء منسٹر صاحب سے خود پوچھتا ہوں کہ اس پہ Embargo-----

<u>وزیر قانون:</u> میں جواب دے رہا ہوں جی، انہوں نے بات کی-----

<u>جناب سپیکر:</u> اس پہ Embargo، ٹرانسفر پر Embargo تو نہیں بنے گی؟

<u>وزیر قانون:</u> سر، ہم نے اعتراض کیا ہے، انہوں نے باتیں کی ہیں لمبی لمبی، انہوں نے بالکل ایسا کیا ہے جیسا کہ It's very bad law اور ہم لوگوں کے حقوق غصب کر رہے ہیں، یہ بالکل بڑا غلط Impression ہے۔ بات یہ ہے جی کہ ہم صرف Speculated transaction کے اوپر پابندی لگا رہے ہیں، اگر وہ پہلے سن 1995 میں کسی نے کیا ہے، 2000 میں کیا ہے، یہاں پر طریقہ کار یہ ہوتا ہے کہ اگر بیس ایکڑ زمین ہے تو بیچ میں ایک کنال آپ نے لے لی تاکہ وہاں جب حکومت کو ضرورت پڑے گی تو یہ ایک کنال کے کروڑوں روپے مانگیں گے، چونکہ عبدالاکبر خان صاحب نے کہا ہے تو 'ویلیو' کی میں بات کرونگا جی، 'ویلیو' کا یہاں پر صاف دیا ہوا ہے، چار Criteria ہیں اس کے، کہ (i) "The price or value actually received by vendors from the vendees in the sale of project lands during the said five years; (ii) the estimated amount of the average annual net assets of the land; (iii) the land revenue assessed upon the land; and (iv) the value of land as shown in mortgages during the said five years". بات یہ ہے جی کہ کلکٹر کے پاس یہ اختیار ہوگا Over all اس کمیٹی کا کہ سن 1995 سے لیکر اس کی Average کیا پرائس چلی آرہی ہے؟ یہاں تک انہوں نے Mortgage کی ہے زمین تو وہاں پر 'ویلیو' وہ Valid ہے، وہ Consideration میں لائی جاسکتی ہے، تو ہرگز ہرگز حکومت نے کبھی پہلے ایسا کیا ہے، نہ ابھی ایسا ارادہ رکھتی ہے کہ اپنے شہریوں پر کسی قسم کا یا ان کے حقوق غصب کریں بلکہ ہم چاہتے ہیں کہ Land robbers، لینڈ مافیا جو ہے، اس کا قلع قمع کیا جائے اور ان کے ہاتھ مضبوط نہ کیے جائیں لیکن اس کے باوجود میں اسرار اللہ خان سے گزارش کرونگا کہ یہ واپس لے لیں تاکہ ووٹ تک بات نہ چلی جائے۔

جناب سپیکر: جی اسرار اللہ خان۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، میں ایک تو آپ کیلئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: میں یہ ہاؤس کی انفارمیشن کیلئے کہ لا منسٹر صاحب، یہ تو بہت بڑی زمین ہے، اس پر پابندی تو نہیں لگے گی، کوئی بندہ ادھر زمین نہیں خرید سکے گا؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: پابندی سر، لگ رہی ہے، آپ کیسے کہہ رہے ہیں کہ نہیں لگے گی؟ وہ سر، پرانے انتقالات۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بلکہ خالی ڈی آئی خان والوں کے بس کی بات نہیں ہے اس سارے زمین کو آباد کرنا، تو اگر ہمارے والے لوگ ادھر جا رہے ہیں اور زمین خرید رہے ہیں، ان پر کوئی پابندی تو نہیں لگے گی؟

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: پرانے انتقال کینسل ہو جائیں گے، پابندی کیسے نہیں لگے گی؟

وزیر قانون: اس طرح ہے جی، یہ ڈیرہ اسماعیل خان میں 'انوسٹمنٹ' پر کوئی پابندی نہیں ہے۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر قانون: سر، جو پراجیکٹ ایریا ہے، جو کہ ہم آفیشل گزٹ میں صرف۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

وزیر قانون: یہ کینال گزرے گی، سر۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، پراجیکٹ نہیں دے سکتے ہیں نا، وہ صرف جائے گی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: It is defined کہ یہ Specific area ہے؟

وزیر قانون: یہ Specific ابھی Officially آیا نہیں ہے۔ ابھی تو قانون آئے گا، اس کے بعد آئے گا۔

(شور)

جناب سپیکر: اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ، سر۔ سر، اس میں گزارش یہ ہے کہ میں نے اس کی دو چیزیں چھیڑی ہیں، ایک تو یہ ہے کہ اس قانون کی میں کیوں مخالفت کرتا ہوں؟ سر، غریب آدمی ہے، وہ زمین بیچنا چاہتا ہے، اس قانون کے تحت وہ نہیں بیچ سکتا۔ ٹھیک ہے، Basic تو یہ ہو گیا، میری زمین ہے، اچھی قیمت پر بکتی ہے، میں کیوں نہیں بیچ سکتا؟ گورنمنٹ کہتی ہے کہ نہیں، تم سے کوئی ایسے Speculative لوگ لے لیں گے، کیا وہ پاکستانی نہیں ہوں گے؟ ہاں سر، دوسرا یہ تو چلو وہ تو Principal of the

Bill پہ اگر گورنمنٹ نہیں مانتی سر، یہ Dissolution order ہے 1996 میں: "In the total disregard of the provision of Article 131, the Government of NWFP Rules of Business, the NWFP Provincial Assembly Rules of Conduct of Bisness, the Provincial Gvernment avoided to communicate proposals for legislation to the Governor before they were sent to the Provincial Assembly. The Speaker and the Assembly deprived the Governor of his right to have opinion of the concern Department on matter in violation of the past practice in relevant rule-----

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو ہمیں پتہ ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں سر، میں اسے کیسے، اگر سر، Bad legislation کریں گے تو کل کو اگر Dissolution orders اس قسم کے نکلیں گے، میں نے سر، Pinpoint کر کے بتادیا ہے کہ یہ آپ کے Basic rights کے خلاف ہے۔ جو 1971 کا تھا، اس وقت آپکا آئین نہیں تھا، انہوں نے دو سال آپکو عرصہ دیا تھا کہ آپ اس کو Basic right کے ساتھ لے آئیں۔ آج اگر آپ اس قسم کی لیجسلیشن کرا رہے ہیں، میری گورنمنٹ سے یہ گزارش ہوگی، پھر اس پر ووٹنگ کرادیں، بس ٹھیک ہے Kill کرادیں لیکن کم از کم یہ ہوگا کہ-----

جناب سپیکر: آپ نے اپنا حق ادا کیا، آپ نے سمجھا دیا، اب ان کی طرف سے ریکویسٹ ہے کہ آپ واپس لے رہے ہیں یا نہیں؟

(شور)

جناب سپیکر: جی۔ بشیر بلور صاحب کا مائیک آن کریں۔ ایک منٹ جی۔ بشیر بلور صاحب کا مائیک آن کریں۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: سپیکر صاحب! میں ریکویسٹ کرتا ہوں سردار صاحب سے کہ یہ ٹیبل کر دیتے ہیں ہم، پھر سردار صاحب بھی بیٹھ جائیں، ریونیو منسٹر بھی بیٹھ جائیگا، لاء منسٹر بھی بیٹھ جائیگا، عبدالاکبر خان کو بھی بٹھالیں گے، یہ متفقہ جو امنڈمنٹس لائیں گے، انشاء اللہ اس پر ہم ضرور عمل درآمد کریں گے۔ اب حکومت، ہم یہ ووٹ نہیں کرانا چاہتے کہ ووٹ کرا کے کل پھر آپ کے ساتھ نہیں بیٹھ سکیں گے، پھر امنڈمنٹ نہیں کر سکیں گے تو بہتر ہوگا کہ اگر اس کو آپ ٹیبل کرنے دیں، اس میں آپ امنڈمنٹ لائیں، جو آپ نے امنڈمنٹ دی، لاء منسٹر صاحب، ریونیو منسٹر صاحب، عبدلاکبر خان متفقہ طور پر لیکر آئیں، تو اگر آپ ووٹ کرائیں گے تو ایسے پھر ہم آپ کے ساتھ بیٹھ کر امنڈمنٹ نہیں لا سکیں

گے تو میری یہ ریکویسٹ ہے کہ آپ کیوں اس چیز پہ Insist، اگر غلط چیز ہے تو اچھی بات ہے، ٹیبل کر لیں تو اس کے بعد بیٹھ کر اس میں امنڈمنٹ کر لیں۔

جناب سپیکر: ابھی اسرار اللہ خان، Simple سی بات ہے کہ آپ اس کو۔۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: میری گزارش سر، مختصراً یہ ہے کہ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ غیر آئینی قانون سازی ہے، میں اس کا حصہ نہیں بن سکتا، اگر گورنمنٹ کرتی ہے۔ مجھے پتہ ہے سر، Kill ہو جائے گی لیکن گورنمنٹ دوسری بار اس قسم کا آرڈیننس، یہ لاء ڈیپارٹمنٹ کیوں سو رہا ہے کہ اس قسم کے آرڈیننسز آتے ہیں کہ Total disregard to the Constitution ہیں، اس میں ہمیں شریک کار کرتے ہیں، نہ سنتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ کمیشن میں بیٹھ جائیں؟ سر، آپ اس پر ووٹ کرا دیں۔

Mr Speaker: The motion before the House is that the resolution, moved by the honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The resolution is dropped.

ہنگامی قانون کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: The honorable Minister for Revenue, to please lay on the Table of the House 'the Khyber Pakhtunkhwa Chashma Right Bank Canal (lift-cum-Gravity) Project (Control and Prevention of Speculation in Land) Ordinance, 2010.

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال): شکریہ، جناب سپیکر۔ I wish to lay 'the Khyber Pakhtunkhwa Chashma Right Bank Canal (lift-cum-Gravity) Project (Control and Prevention of Speculation in Land) Ordinance, 2010 on the Table of the House.

Mr. Speaker: It stands laid.

مجلس قائمہ کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں توسیع

جناب سپیکر: محمود عالم صاحب نہیں ہیں تو انکی جگہ مس شگفتہ ملک، نام تو ٹھیک ہے نا اب؟ to please move for extending the period for presentation of the report of Standing Committee No. 9 on Excise and Taxation, under rule 185 of Procedure and Conduct of Business Rules, 1988. Bibi.

محترمہ شگفتہ ملک: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں صوبائی اسمبلی کے رولز آف بزنس، 1988 کے قاعدہ 185 کے ذیلی قاعدہ نمبر 1 کے تحت مجلس قائمہ نمبر 9 برائے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے متعلق اسمبلی کی

طرف سے حوالہ کردہ سوالات نمبرات 23اور 557 پر رپورٹ کی مدت میں توسیع کیلئے تحریک پیش کرتی ہوں۔

Mr Speaker: The motion moved and question is that extension in period for presentation of the report of the Committee may be granted to the honorable Member? Those who are in favour of it may 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

مجلس قائمہ برائے آبکاری و محاصل کی رپورٹ کا ایوان میں پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item Nos. 16 & 17: Miss Shagufta Malik, MPA, member Standing Committee No. 9 on Excise & Taxation, to please presented before the House the report of the Committee.

محترمہ شگفتہ ملک: شکریہ، جناب سپیکر۔ میں مجلس قائمہ نمبر 9 برائے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے متعلق کمیٹی کی رپورٹ ایوان میں پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The report stands presented.

مجلس قائمہ برائے آبکاری و محاصل کی رپورٹ کی منظوری

Mr. Speaker: Now Miss Shagufta Malik, member Standing Committee No. 9 on Excise & Taxation, to please move that the report of the Committee may be adopted.

مائیک آن کریں، یہ آپ سوئے ہوئے ہیں، کیوں؟ روزہ کا تو ابھی ٹائم کافی ہے۔

محترمہ شگفتہ ملک: میں تحریک پیش کرتی ہوں کہ مجلس قائمہ نمبر 9 برائے محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی رپورٹ منظور کی جائے۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of the Standing Committee No. 9 on Excise & Taxation may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت فرنٹیئر ویمن یونیورسٹی مجریہ 2010 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Extra agenda item, Abdul Akbar Khan MPA, to please move that 'the Frontier Women University (Amendment) Bill, No. 2010' may be taken into consideration at once.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you, Janab Speaker. I beg to move that 'the Frontier Women University (Amendment) Bill, 2010' may be taken into consideration at once.

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: څه شے جی؟

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: اودریږه، د دوئ موشن پیش شو، دے نه پس بیا او وایئ کنه۔

مفتی کفایت اللہ: اوس موقع ده او دا ډیر ضروری ------

جناب سپیکر: نه، دیکښے اوس کیدے نه شی کنه جی۔

مفتی کفایت اللہ: پوائنٹ آرڈر، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: دا موشن چه پیش شی کنه جی، بیا هغه نورے ------

(قطع کلامیاں/شور)

جناب سپیکر: دا څه وائی، رولز څه وائی؟ اودریږه زهٔ موشن موؤ کومه نو بیا هغے پسے خبره اوکړئ۔ The motion before the House is that 'the Frontier Women University (Amendment) Bill , 2010' may be taken into consideration at once. اوس اووایئ جی۔

جناب عبدالاکبر خان: وہ کریں نا۔

جناب سپیکر: اودریږه جی، دا موشن چه 'کمپلیټ' شی۔ Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب۔

مفتی کفایت اللہ: زهٔ یو حساسه خبره کومه جی، بیا وروستو-----

(قطع کلامی)

مفتی کفایت اللہ: جناب سپیکر، حساسه خبره ده۔ زهٔ د گورنمنټ توجه هم غواړم۔ بشیر بلور صاحب! دا چه کوم دوئ ویمن یونیورسٹی -----

جناب سپیکر: دا Consideration Stage کښې بیا وایئ کنه، دا خو-----

مفتی کفایت اللہ: تاسو ته پاڅیدمه چه دے نه مخکښې زۀ خبره کول غواړمه-----

جناب سپیکر: نه، دے Consideration Stage کښې به وایئ کنه۔ اوس وایه کنه، اوس خو هیله هغه 'موو' شو۔

مفتی کفایت اللہ: زۀ ګزارش دا کومه جی، داچه کومه عبد الاکبر خان اضافی ایجنډا راوستے ده کنه جی او دیکښې دوئ د فرنټیئر ویمن یونیورسټی نوم بدلوی او د دے په ځائے باندے 'شهید بینظیر بهټو' نوم ایږدی، ما دوئ سره په خلے خبره کړے ده جی او ما نن دوئ ته ریکویسټ کړے دے چه تاسو د دے نه په شا شئ او دوئ ما ته وئیلے دی چه زۀ په شا کیږمه جی۔ زۀ نه یم خبر بیا دوئ، روژه ده او دوئ ډیر زر هغه خبره هیروی، زۀ د دوئ سټیج ته تلے وومه جی، کرسئ ته او ما هلته وئیلی دی چه دا یوه اهمه مسئله ده۔ بیا اهمه څنګه ده جی؟ مونږ ستاسو سیکرټریټ کښې د دے د قانون سازئ نه مخکښې یو قرارداد جمع کړے دے او هغه قرارداد دا دے چه د دے نوم د 'عائشه صدیقہؓ' کیښودے شی۔ زۀ ډیر احترام سره وایمه جی، مونږ د شهید بینظیر بهټو ډیر احترام کوؤ او د هغوی قربانئ ته هم سلام کوؤ لیکن زۀ دا هم غواړمه چه په دے صوبه کښې ډیر څیزونه د هغے په نوم باندے راغلی دی کنه جی، دا شرینګل دیر کښې چه کومه یونیورسټی ده، هغه د بینظیر صاحبے په نوم باندے ده، زمونږ بیا ایبټ آباد کښې دوه هسپتالونه وو جی، هغه هم د هغے په نوم باندے راغلل او داسے دا هری پور کښې جی هم راغلی دی، زما په خیال باندے که تاسو هغه فهرست اوګورئ نو هغه دومره زیات دے چه مونږ له به بیا دے باندے سوچ کول غواړی او ما دا قرارداد راوړو، زۀ به ګیله کومه د سیکرټریټ نه هم کنه جی چه کله په دے پوائنټ باندے قرارداد راغلے وو نو بیا خو دا حساسه معامله ده او دے نه مخکښې راغلے وو چه مونږه د امهات المومنین په نوم باندے یو د ویمن یونیورسټی ایښودل غواړو او مونږ د نن جینئ له دا سبق ورکول غواړو چه هغه عائشه صدیقه Follow کړی۔ هغے د پاره مونږ دا کوشش کړے وو نو پکار خو دا وه چه مونږ بیا دے سیکرټریټ په دے باندے آګاه کړے وے چه ستاسو د قرارداد

خلاف بل راروان دے نو بیا به مونږ د آئین مطابق قانون سازی کوله۔ اوس چه قرارداد باندے پښنه کیښودلے شوه او د عائشه صدیقةؓ چه هغه زما د پاره هم قابل احترام ده، عبد الاکبر خان د پاره هم ده او مسز بینظیر بهټو د پاره هم قابل احترام ده، زما به دا خواست وی چه دیکښے دا پوزیشن جوړ شی چه دوئ د هغوی په نوم باندے، د عائشه صدیقةؓ په نوم باندے دا نوم کیښودلے شی او دا خبره د ووټنګ ته لاړه نه شی او دا د اپوزیشن او حکومت ته را نه شی۔ دا یوه حساسه معامله ده، ټول خلق مونږ ته ګوری جی چه دیکښے دوئ کول غواړی او زۀ دا ګله ځکه کومه چه ما دوئ ته هم ګزارش کړے دے دوه ځله او دوه ځله دوئ ما ته وینا کړے ده چه زۀ به دے نه په شاکیږمه چه دا حساسے معاملے کښے نه راځمه او سیکرټریټ هم زمونږ دا قرارداد باندے پښنه ایښودے ده، دے د پاره زۀ به غواړمه چه دا داسے اونکړے شی او د عائشه صدیقةؓ په نوم Kindly-----

(قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: One by one; Zahir Shah Sahib.

وزیر صحت: مفتی کفایت اللہ صاحب کا بہت احترام کرتے ہیں، جس وقت ایم ایم اے کی گورنمنٹ تھی اور جب انسٹی ٹیوشنز کے نام 'خلیفہ گلنواز' اور 'مفتی محمود' کے نام سے رکھے جارہے تھے، اس وقت ان کو عائشہ صدیقہؓ یاد تو نہیں تھیں۔ آج ہم ایک چیز لے کر آئے ہیں، ٹیبل کر رہے ہیں اور یہ اس عظیم لیڈر کی بات ہو رہی ہے جس نے اس ملک کیلئے، ان کا نام ہم سب کیلئے قابل احترام ہے، ہمارے اسلام کی اگر بات ہے تو ہمارے لئے قابل احترام نام ہے لیکن آج ایک چیز کو ہم لے کر آئے ہیں، اس کے اندر ایک ایسے Controversy کو ڈالنا، جس وقت کہ 'درانی پبلک سکول' بن رہا تھا بنوں میں اور ایک صوابی میں، انہوں نے، حالانکہ کانسٹی ٹیوشن میں یہ کہیں ہے ہی نہیں کہ آپ کسی زندہ آدمی کے نام پہ گورنمنٹ کا کوئی انسٹی ٹیوشن بنائیں، تو اس وقت ان کو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یاد نہیں تھیں، آج یہ اس چیز کو Controversial کر کے، مطلب یہ ہے کہ کس طرف ہمیں یہ لے جانا چاہتے ہیں؟ مجھے تو اس بات کی سمجھ نہیں ہے، ہم تو بڑی نیک نیتی کے ساتھ ایک چیز لے کر آئے ہیں اور یہ جو ہے، یہ ہمیں---

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی صاحب، بس وہ کہہ دینا۔

Mr. Muhammad Javed Abbasi: Thank you -----

جناب سپیکر: جی ظاہر شاہ صاحب، وقت کم ہے۔ ظاہر شاہ صاحب، جی مختصر کریں۔

وزیر صحت: جی ہم تو اپنی اس لیڈر کو جس نے اس ملک کیلئے، اس قوم کیلئے، اس ملک کے عوام کیلئے اتنی بڑی قربانی دی کہ اپنی جان تک گنوادی تو اگر ہم ایک انسٹی ٹیوشن ان کے نام پہ کر رہے ہیں تو ہم نے کونسی بڑی زیادتی کی ہے؟ یہ تو ان کو چاہیئے تھا کہ ہمیں اس میں سپورٹ کرتے۔ جس وقت ایم ایم اے کی گورنمنٹ تھی، ہم نے 'خلیفہ نواز' کو سپورٹ کیا، 'مفتی محمود ہاسپٹل' کو سپورٹ کیا تو آج یہ اٹھ کر ہماری جو ایک جائز بات ہے، اس کو یہ 'اپوز' کر رہے ہیں تو مجھے بڑا افسوس ہے جی اس پہ۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جاوید عباسی صاحب۔

جناب محمد جاوید عباسی: بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ چونکہ ایک معاملہ ایسا ہے جو ہمارے سامنے آیا ہے، مفتی کفایت اللہ صاحب نے اگر پہلے سے یہ بات ٹیبل کی ہوئی تھی اور سیکر ٹریٹ میں موجود تھی تو پھر تو روایت یہی تھی اور ہونی بھی یہی چاہیئے تھی کہ پہلے اس کو بھی Take up کیا جاتا۔ اگر ہاؤس کو اختیار ہو کہ وہ کسی بھی قرارداد کو پاس کرلے یا Reject کرلے تو پھر تو یہ بہت اچھی بات ہوتی۔ یہ سیکر ٹریٹ ابھی چیک کیا جا سکتا ہے کہ اگر ایک بات انہوں نے Already یہاں لائی ہوئی تھی اور ان کی ایک قرارداد پینڈنگ کر کے پھر اگر یہ معاملہ کیا گیا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ جناب سپیکر، یہ مناسب نہیں ہے۔ جناب سپیکر، وہ دوسری بات، اس میں شک نہیں کہ جو ہمارے لیڈر صاحبان ہیں، جن کے نام پر یہ چیزیں رکھی جارہی ہیں اور محترمہ صاحبہ کا تو In fact بہت بڑا کردار ہے اور اس ملک میں جمہوریت کیلئے جو قربانیاں ان کی ہیں، اس سے میں نہیں سمجھتا کہ کسی اور کی اتنی بڑی لازوال قربانیاں ہیں، ہم نے ہر فورم پہ مانا ہے اور آج بھی ہم مانتے ہیں لیکن جناب سپیکر، یہ روایات بڑی غلط ڈالی جارہی ہیں، اس روایت کو ہم نے توڑنا ہوگا، سب نے، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے کہ جو حکومت آتی ہے، میں نہیں کہتا ہوں کسی خاص کا، جب بھی کوئی حکومت آتی ہے یہ نام چینج کرنے میں لگ جاتی ہے اور اس چیز سے مجھے شک ہے کہ اس اسمبلی کا نام بھی کل چینج ہوگا جناب سپیکر، ایسا لگتا ہے کہ کل سپریم کورٹ کا بھی نام چینج ہوگا۔ جناب سپیکر، ان بلڈنگز کے پیچھے ہم ایک ایسی طرف اپنے آپ کو لے کر جارہے ہیں کہ ہم نے ساری توجہ جو ہے، جناب سپیکر، یہ کہیں مجھے دنیا میں شاید اس طرح کی مثال نہیں ملتی، ہاں دنیا میں میں نے کئی ایسے ایسے کالجز میں ایک آدھ بلاک ایسا دیکھا ہے جو کسی نے Donate کیا ہو، اس کے نام پر لوگوں نے رکھا ہوا ہے۔ چرچل کا نام آپ دیکھ لیں، کنیڈی کا نام اور اس طرح کئی اور، جب ایک دفعہ کوئی بڑی بات کسی خاص نام کے پیچھے اگر ہم چاہیں گے، میں کسی

خاص کا نہیں کہتا، محترمہ صاحبہ کا مجھے بہت بڑا Respect ہے، میں کہتا ہوں کہ یہ روایت Once for all ختم ہونی چاہیئے۔ یہ حکومت یہ کام کر رہی ہے، اگلی حکومت آئے گی، وہ اور کام شروع کرے گی، اس کے بعد اور، تو یہ مہربانی کریں کہ اگر ان کی ریزولیوشن پہلے سے آئی ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جاوید عباسی صاحب! آپ نے جو پوائنٹ Raise کیا ہے کہ انہوں نے ریزولیوشن، تو ایسی دو ہزار ریزولیوشن جمع ہوتی ہیں لیکن یہ ریزولیوشن نہ Adopt ہوئی ہے، نہ اسمبلی میں پیش ہوئی ہے۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> نہیں سر، سیکرٹریٹ میں تو پیش ہوئی ہے۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> نگہت یاسمین اورکزئی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> اگر سیکرٹریٹ میں جمع ہوئی ہے تو پھر مفتی صاحب کی بات میں بڑا وزن ہے، پھر اس کو کمزور سمجھ کر مفتی صاحب کے ساتھ ایسی بات کی ہے۔ اگر سیکرٹریٹ میں پہلے جمع ہوئی ہے تو جناب سپیکر۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، نہیں، جب تک آپ لوگ اس پہ 'Yes' نہیں کریں گے نا، اس وقت تک وہ ریزولیوشن، ریزولیوشن نہیں ہوتی۔ جی بی بی، نگہت بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، بہت شکریہ۔ جناب سپیکر صاحب، میرا خیال ہے کہ پوری دنیا اور پورا پاکستان یہ جانتا ہے کہ محترمہ بینظیر بھٹو شہید صاحبہ جو تھیں، انہوں نے جمہوریت کیلئے، بجائے اس کے کہ ہم لوگ یہاں پہ یہ بات کریں، پارٹیوں کی بات کریں لیکن جن شخصیات نے قربانیاں دی ہیں تو ضرور ان کے نام کو تو اچھے لفظوں میں لیا جانا چاہیئے، ان کو یاد رکھنا چاہیئے لیکن جناب سپیکر صاحب، میں مفتی کفایت اللہ صاحب سے، جو انہوں نے ایک ریزولیوشن پیش کرنے کیلئے جمع کروائی تھی سیکرٹریٹ میں اور وہ نہیں آئی لیکن میں اس کے علاوہ یہ بات کرنا چاہتی ہوں جناب سپیکر صاحب، کہ یہ ایک غلط روایت پڑ رہی ہے۔ ہم نے ان لوگوں کو یاد رکھنا ہے، ان لوگوں کو اگر ہم لوگ عمارتوں سے یاد رکھیں گے یا ہم لوگ کسی اور طرح سے، ان کی یادیں ہمارے دل میں ہونی چاہئیں۔ جناب سپیکر صاحب، اگر ایسا ہوتا تو اسلامیہ کالج کو تو قائداعظم نے بہت بڑی اپنی جائیداد Donate کی تھی تو پھر تو چاہیئے یہ تھا کہ اسلامیہ کالج کا نام قائداعظم کالج ہوتا جناب سپیکر صاحب، لیکن آج تک، وہ سامنے دیکھیں، میں ان کو سلوٹ کرتی ہوں کہ آپ ان کی تصویر کے نیچے بیٹھے ہوئے ہیں اور یہاں پر جو بھی سپیکر آئے گا، وہ ان کی تصویر کے نیچے بیٹھے

گا، جو بھی چیف منسٹر آئے گا، جو بھی پرائم منسٹر آئے گا، جو بھی صدر آئے گا، وہ ان کی تصویر کے نیچے بیٹھے گا جناب سپیکر صاحب۔ محترمہ بینظیر بھٹو شہید صاحبہ ہمارے لئے قابل احترام ہیں، ہمارے لئے قابل احترام تھیں، وہ ایک بہت بڑی لیڈر تھیں لیکن جناب سپیکر صاحب، اگر ہم ہر عمارت پہ ان لوگوں کے نام رکھ دیں اور کل کو صرف عمارتوں سے ان کو یاد کیا جائے، یادیں جو ہوتی ہیں، وہ دل میں ہوتی ہیں تو میرا خیال ہے کہ اس روایت کو ختم ہونا چاہیئے جناب سپیکر صاحب۔ یہ عمارتوں کے نام جو ہیں، ان کے نام پہ رکھ کے اور ہم یہ Show کریں کہ جناب سپیکر صاحب، وہ بہت بڑے لیڈر تھے، یہ لیڈر شپ جو ہے، یہ کہیں نہیں چھپتی اور لیڈر شپ کا نام مٹتا نہیں ہے جیسا کہ قائد اعظم ہے، ان کا نام نہ کبھی مٹے گا، وہ جب تک پاکستان ہے اور پاکستان جو ہے، وہ ہمیشہ، ابد تک قائم رہے گا، تب تک قائد اعظم کا نام نہیں مٹ سکتا۔ اسی طرح محترمہ بینظیر بھٹو صاحبہ جنہوں نے شہادت پائی، ان کا نام بھی جب تک پاکستان ہے، جب تک جمہوریت ہے، ان کا نام نہیں مٹ سکتا لیکن اس ایک روایت کو ختم ہونا چاہیئے کہ لوگوں کے ناموں پہ تو یہ نہیں ہونا چاہیئے۔

<u>Mr. Speaker</u>: Thank you very much. Now ‘Consideration Stage’.

<u>جناب عبدالاکبر خان</u>: جناب سپیکر، یہ فرنٹیئر ویمن یونیورسٹی کا جو اوریجنل 'بل' تھا، یہ ایم ایم اے کی حکومت میں آیا تھا، یہ اسی حکومت میں پاس ہوا تھا، کیا عائشہ صدیقہؓ کا ابھی ان کو نام یاد آگیا؟ تو اس وقت جب یہ لیجسلیشن ہو رہی تھی، اس وقت جب یہ 'بل' پاس ہو رہا تھا، اس وقت جب یہ ایکٹ بن رہا تھا، اس وقت ایم ایم اے کی حکومت تھی، اس وقت ان کو یاد نہیں تھا؟ ایک جناب سپیکر، دوسری بات یہ ہے کہ اگر یہ Sincere ہوتے، ریزولیوشن سے قانون سازی نہیں ہو سکتی، ریزولیوشن سے نام نہیں بدلے جاتے، یہ لیجسلیشن لاتے۔ جس طرح میں لیجسلیشن لایا ہوں، ایکٹ میں امنڈمنٹ لایا ہوں، اسی طرح یہ امنڈمنٹ لاتے لیکن جناب سپیکر، ان کا مقصد یہ نہیں کہ اس کا نام چینج کرنا چاہتے ہیں، ان کا مقصد سیاست کرنا ہے۔ جناب سپیکر، میں حیران ہوں کہ اگر آپ کو میرے اس 'بل' کے آنے کے بعد یہ یاد آیا کیونکہ جناب سپیکر، میری یہ جو امنڈمنٹ ہے، وہ ایک سال پہلے میں اس اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخل کر چکا ہوں۔ جناب سپیکر، اگر ان کو یاد آیا میرے 'بل' کے آنے کے بعد کہ اس قرارداد کے ذریعے قانون سازی ہو سکے گی تو مجھے افسوس ہے کہ قراردادوں سے قانون سازی نہیں کی جا سکتی جناب سپیکر۔ آپ اس میں Sincere نہیں تھے، آپ نہیں چاہتے تھے، آپ نے صرف پوائنٹ سکور کرنے کیلئے یہ پوائنٹ آف آرڈر

اٹھایا ہے۔ جناب سپیکر، مجھے اجازت دیجئے، باتیں اس Consideration Stage کے بعد ہو گئیں، مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس کو پاس کرنے کیلئے اب 'موو' کر دوں۔

Mr.Speaker: Since no amendment has been moved by any honourable Member in Clauses 1 to 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 2 stand part of the Bill. Preamble also stands part of the Bill.

(Applauses)

فرنٹیئر ویمن یونیورسٹی (ترمیمی) مسودہ قانون 2010 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Now Mr. Abdul Akbar Khan, to please move that 'the Frontier Women University (Amendment) Bill, 2010' may be passed.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you. Janab Speaker, I beg to move that 'the Frontier Women University (Amendment) Bill, 2010' may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that 'the Frontier Women University (Amendment) Bill, 2010' may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed unanimously.

(Applauses)

ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹیز (ترمیمی) مسودہ قانون 2010 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move that 'the Khyber Pakhtunkhwa Establishment of District Development Advisory Committees (Amendment) Bill, 2010' may be taken into consideration at once.

Mr. Abdul Akbar Khan: Thank you, Janab Speaker. I beg to move that 'the Khyber Pakhtunkhwa Establishment of District Advisory Committees (Amendment) Bill, 2010' may be taken into consideration at once.

جناب بشیر احمد بلور {سینئیر وزیر(بلدیات)}: سپیکر صاحب! دیکښے زما یو گزارش دے، دیکښے زۀ امنډمنټ کول غواړمه۔

جناب عبدالاکبر خان: بالکل ئے اوکړه۔

سینئیر وزیر(بلدیات): دوئ خبره کړے ده نو که ما ته پرے اجازت راکړئ چه زۀ امنډمنټ پیش کړمه، هغے نه پس بیا ئے پاس کړئ۔

جناب عبدالاکبر خان: ٹھیک ہے، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: اودریږه چه د موشن Consideration ته راشمه کنه جی۔

The motion before the House is that 'the Khyber Pakhtunkhwa Establishment of District Development Advisory Committees (Amendment) Bill, 2010' may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Now 'Consideration Stage'. Ji, Bashir Bilour Sahib.

سینئیر وزیر(بلدیات): ډیره مهربانی، سپیکر صاحب۔ It is Clause 2(g)، دیکښے ئے دا لیکلے دی چه "Project Director means the District Coordination Officer of the District concerned" دیکښے هغه مونږ Delete کوؤ، دا مونږ د ډسټرکټ کوآرډینیشن آفیسر په ځائے دا ریکویسټ کوؤ چه "Any Officer to be appointed by the Government".

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، چونکہ یہ اوریجنل ایکٹ ہے، ڈویژنل ڈائریکٹر کا لفظ شامل تھا اور چونکہ ڈویژنل ڈائریکٹر ابھی Exist نہیں کر رہا تھا تو میں نے اسلئے اس کو چینج کرنے کیلئے 'ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن آفیسر' کا لفظ ڈال دیا، اب اگر حکومت چاہتی ہے تو مجھے اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ چونکہ آفس ہے نہیں اس وقت، اسلئے میں نے چینج کرنے کیلئے وہ لفظ ڈالا تھا۔

جناب سپیکر: اس سٹیج پر اب یہ امنڈمنٹ آئی ہے کہ-----

سینئیر وزیر(بلدیات): دا به دیکښے------

جناب سپیکر: یہ ایک میں تو نہیں ہے نا۔

سینئیر وزیر(بلدیات): جی؟

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، جی نہیں، سر ایک اور بھی ایکٹ ہے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اور دو تین ہیں جی، دو تین ہیں۔

جناب عبدالاکبر خان: تین اور ہیں۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): تو پھر ہاؤس سے پوچھ لیں، پھر میں پڑھ لیتا ہوں، پھر ہاؤس سے پوچھ لیں۔

جناب سپیکر: جی، پلیز۔

سینیئر وزیر (بلدیات): اچھا، دوسری میری یہ ریکویسٹ ہے کہ "Clause 3 sub section (III) may be deleted".

Mr. Speaker: One minute ji. Mr. Bashir Ahmed Bilour Sahib, Hon'ble Minister, to please move his amendment in the Bill. Bashir Ahmed Bilour Sahib.

سینیئر وزیر (بلدیات): ما دا ریکویسټ اوکړو جی، دا In Section 2 (g), "word D.C.O may be substituted by any officer of the District concerned, to be appointed by the Government".

جناب عبدالاکبر خان: سر، مجھے۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نه، نه، دیکبنے دغه دے کنه۔ دا ډی سی او مے لرے کړو کنه۔ دا خو 'بل' لا نه دے شوے، اوس ئے بیا دوباره ورکومه۔

جناب سپیکر: د هاؤس نه تپوس کوم۔ دا کوم امنډمنټ چه د 2(g) بشیر بلور صاحب پیش کړو، دا تاسو ته منظور دے؟ جی چه کوم د دے خلاف وی، هغوی د لاس اوچت کړی۔

سینیئر وزیر (بلدیات): څوک هم خلاف نشته جی، څوک هم۔

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Speaker: Ji, the 'Ayes' have it.

سینیئر وزیر (بلدیات): بل ریکویسټ مے دا دے چه "Sub section (3) of Section 3 may be deleted. Sub section (III) of Section 3 may be-----

Mr. Speaker: Section?

Senior Minister (Local Government): Sub section (3) of Section 3.

جناب سپیکر: سیکشن بی اور سب سیکشن؟

سینیئر وزیر (بلدیات): تهری، د تهری، سیکشن تهری۔

جناب سپیکر: سیکشن تھری(بی)؟

Senior Minister (Local Government): Sub section (3).

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر! چونکہ یہ ہے کہ اس وقت جب انہوں نے امنڈمنٹ 'موو' کی تھی تو گورنمنٹ سائڈ سے سینیئر منسٹر صاحب نے اس پر بات بھی کی اور یہاں پر اسمبلی کے فلور پر بھی اس دن کہا، آج خود امنڈمنٹ بھی لائے تو میں بھی اس سیکشن 3 کو Delete کرنے کیلئے ان کے ساتھ Agree ہوں کہ اس کو Delete کیا جائے۔

سینیئر وزیر(بلدیات): زۂ دا اولولمه کنه جی۔

جناب سپیکر: د هاؤس نه تپوس کومه جی۔ تاسو د سیکشن تهری د Delete کولو اجازت، سب سیکشن تهری------

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: دا خو سر، اوریجنل-----

Mr. Speaker: Original 3 (b).

Mr. Abdul Akbar Khan: Sub section (3) of Section 3.

سینیئر وزیر(بلدیات): زۂ به تاسو ته دا لیکلے درکړم کنه جی۔

جناب سپیکر: د تهری سب سیکشن تهری تاسو Delete کولو اجازت ورکوئ جی؟

جناب عبدالاکبر خان: او جی، او۔

سینیئر وزیر(بلدیات): جی، جی، ورکوؤ ئے۔

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it.

سینیئر وزیر(بلدیات): بل جی د سیکشن 4، سب سیکشن (1)۔

Mr. Speaker: Section 4.

Senior Minister (Local Government): In sub section (1) of Section 4, the following proviso may be added: -----

جناب سپیکر: دیکښے (1) نشته جی، سب سیکشن فور دے صرف۔

جناب عبدالاکبر خان: سر، اس میں Proviso آ گئی ہے-----

سینیئر وزیر(بلدیات): Proviso زۂ Propose کوم دیکښے، "Provided that the District Local Fund shall not be included in the purview of District

In writing دا بہ Development Advisory Committee". تاسو تہ درکړم، تاسو د هاؤس نه تپوس اوکړئ۔

Mr. Speaker: Sub section (1) of 4.

جناب عبدالاکبر خان: نہیں سر، یہ Proviso آگئی ہے، یہ کہتے ہیں کہ یہ Proviso میں ڈال دیں۔

جناب سپیکر: دا بشیر خان چه کوم امنډمنټ پیش کړو، دا تاسو ته Accept دے، دے Proviso کښے؟

آوازیں: او، او۔

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Preamble also stands.

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: دا نه، اودریږه یو منټ جی۔ یو منټ جی، یو منټ۔ جی بشیر بلور صاحب! سیکشن جی وایئ، تاسو وایئ۔

Senior Minister (Local Government): In the North West Frontier Province Establishment of District Advisory Committee Act, 1989 NWFP Act No. 4 of 1989 in section (VIII) and where ever the words 'Assistant Director Local Government' are occurring in the said Act, the words 'or any other officer to be appointed by the Provincial Government' shall be added after the word 'Assistant Director Local Government'-----

جناب عبدالاکبر خان: ہاں سر، اس میں یہ تھا کہ چونکہ یہ پوسٹ نہیں تھی اور نئے ایکٹ میں جو سیکرٹری اس کمیٹی کا تھا، DDAC کا، وہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ہوا کرتا تھا، اب چونکہ بعض ڈسٹرکٹس میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نہیں ہے تو میں نے اس کی Substitute کیلئے دوسرے کا نام لیا تھا۔ اب منسٹر صاحب اگر اس سے Agree کرتے ہیں یا کہ جو بھی یہ مقرر کرتے ہیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ چونکہ وہ اب بھی اس کی پوسٹ نہیں تھی، اسلئے میں نے یہ امنڈمنٹ لائی تھی۔

جناب سپیکر: دا هاؤس نه تپوس کوم جی۔ چه دا کوم امنډمنټ دوئ راوستو، تاسو دے سره Agree یئ؟

(تحریک منظور کی گئی)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Preamble also stands part of the Bill.

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: سر، یہ اوریجنل ایکٹ جو ہے، اگر وہ عبدالاکبر خان صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: دا اوریجنل کښے نه شی کیدے جی۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: سر، وہ ابھی جو آپ نے کی ہے۔

جناب سپیکر: اوریجنل میں کدھر کی ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: نہیں، وہ تو بات ہوئی تھی کہ۔۔۔۔۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: نہ، تو بات ہوئی تھی نا سر، 4(1) آپ نے کیسے ڈالا ہے؟

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو 'بل' میں ہوئے ہیں نا۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: نہیں تو سر، 4(1) آپ نے کیسے ڈالا ہے، 4(1) میں Proviso کیسے ڈالا ہے؟

جناب عبدالاکبر خان: 4(1)، وہ تو جی پرسوں آپ Agree نہیں تھے؟

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: 4(1) جو آپ نے ڈالا ہے سر، وہ کیسے ڈالا ہے؟

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو 'بل' میں آیا ہے نا۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: سر، 4(1) تو یہاں پر نہیں آیا نا، 4(1) میں تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: 'بل' میں آیا ہے جی۔ جناب یہ۔۔۔۔۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: سر، 4(1) تو ہے۔

جناب عبدالاکبر خان: ابھی تو آپ نے اس 'بل' کو پاس کرا دیا، اب تو معاملہ ختم ہو گیا ہے۔ اب تو آپ سارا 'بل' کرتے ہیں۔

جناب اسراراللہ خان گنڈاپور: نہیں سر، آپ سن تو لیں نا۔

جناب سپیکر: نہیں اس سٹیج پر ہم نہیں لے سکتے۔ اس پر ہم نہیں لے سکتے جی، 'سوری' اسراراللہ خان گنڈاپور صاحب۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت ضلعی ترقیاتی مشاورتی کمیٹیز مجریہ 2010 کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Now Mr. Abdul Akbar Khan, MPA, to please move that 'the Khyber Pakhtunkhwa Establishment of District Development Advisory Committee (Amendment) Bill, 2010', as ameded, may be passed.

Mr. Abdul Akbar Khan: ہاں ہاں، ٹھیک ہے جی۔ Thank you, Janab Speaker. I beg to move that 'the Khyber Pakhtukhwa Establishment of District Development Advisory Committees (Amendment) Bill, 2010' may be passed, with amendment.

Mr. Speaker: The motion before the House is that 'the Khyber Pakhtunkhwa Establishment of District Development Advisory Committees (Amendment) Bill, 2010', with amendments, may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr.Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

جناب عبدالاکبر خان: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ میں آپ کا اور حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ایک انتہائی اہم لیجسلیشن تھی جو اس ہاؤس نے آج پاس کر دی اور میں جناب سپیکر، سمجھتا ہوں کہ یہ نہ صرف ان ممبران کیلئے بلکہ ان کے جو سارے لاکھوں ووٹرز ہیں، ان کیلئے بھی خوشی کا دن ہے کہ اب ان کو دفتروں میں جانا بھاگنا نہیں پڑتا ہوگا اور میرے خیال میں جو ہماری ڈیویلپمنٹل سکیمیں ہیں یا لوگوں کے جو چھوٹے چھوٹے کام ہیں، اس کمیٹی کے بعد یقیناً وہ بہت آسانی سے حل ہوں گے۔ میں بشیر صاحب کا اور ساری حکومت کا مشکور ہوں، وزیر اعلیٰ صاحب کا بھی کہ انہوں نے اس صوبے کے عوام کی آواز سنی، اس ممبران کی آواز سنی اور انہوں نے اس 'بل' کو پاس کرنے میں ہماری مدد کی۔ میں بڑا مشکور ہوں ظاہر شاہ صاحب کا بھی۔

جناب سپیکر: جی بشیر بلور صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): میں شکر گزار ہوں عبدالاکبر خان کا اور ساری اسمبلی کا، اس کے بارے میں میں تقریباً چار پانچ دن پہلے اعلان کر چکا ہوں کہ گورنمنٹ کی طرف سے DDAC جو ہے، یہ DDAC ایکٹ ہم نے لانا ہے اور ہمارے جتنے ممبر صاحبان ہیں، انہوں نے ریکویسٹ کی، وزیر اعلیٰ صاحب نے ان سے کہا کہ ہم خواہ مخواہ لائیں گے اور میں پھر کہتا ہوں کہ انشاءاللہ Within one month اس کو ہم آرگنائز طریقے سے لائیں گے اور لوگوں کو جو Facilitate کرنا ہے، وہ انشاءاللہ ضرور کریں گے۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ اب حیدر علی خان، یار، وہ مفتی صاحب نماز کے بہانے خواہ مخواہ واک آؤٹ کر گئے حالانکہ انہوں نے جانا تھا نماز پڑھنے کیلئے۔ ابھی آپ خواہ مخواہ نماز باجماعت ہم سے کیوں قضا کر رہے ہیں؟

ڈاکٹر حیدر علی: ما له جي یو منټ، زیات وخت نه اخلم۔

جناب سپیکر: نماز کیلئے، نہیں نماز کیلئے، وہ جماعت کھڑی ہو رہی ہے۔

ڈاکٹر حیدر علی: یو منټ، یو منټ۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ، بسم اللہ جی۔ او د ریږه، مونږه د ررو ان یو کنه۔ وہ آ گئے۔

(اس مرحلہ پر معزز رکن ایوان میں تشریف لے آئے)

ڈاکٹر حیدر علی: ډیره مننه جي۔ یو منټ، مفتي صاحب۔ زهٔ جي دا عرض کوم، دا یو نوټیفیکیشن د ډي سي او سوات د طرف نه ایشو شوے دے ، In pursuance of the Government of Khyber Pakhtunkhwa Department letter No so & so, a committee comprising the following is hereby constituted to curb the menace of superior drugs: District Coordination Officer, Swat is Chairman, MPA of concerned constituency, EDO, Secretary and Drug Inspector are also members ، زهٔ جي دا خبره کوم چه دا Powers, Immunities and Privileges Act, 1988 د هغے سره Inconsistent ځکه چه چرته ممبر وی، ثاقب الله خان چمکنی یو امنډمنټ 'بل' پیش کړے وو نو دا د هغے د Breach مترادف دے۔ بل طرف ته خو جي د اتلسم ترمیم خوشخبری دا ده چه مونږ Powers democratic institutions ته او Public representative ته ټرانسفر کوؤ، دا ما د مثال په طور پیش کړو ځکه دا یو لیټر نه دے ، دا یو میسج په ټول ډسټرکټ کښے بلکه په ټوله صوبه کښے هم عملدرآمد شروع دے او په سوات کښے خو یو سویلین مارشل لاء غوندے سیچویشن دے چه هلته د Public represetatives بیخی نه منلے کیږی، نه اوریدلے کیږی، دا د هغے واضح ثبوت دے۔ زهٔ جي ستاسو په وساطت سره خو چه دا هاؤس موجود دے ، آنریبل ممبرز موجود دی او د هغے ایکټ Openly breach کیږی یا خو هغوی ته دا میسج نه دے Communicate شوے یا که دا Communicate دے نو دا سے ولے کیږی؟

جناب سپیکر: دا زما په خیال پراپر موشن پرے راوړئ جي، په دے باندے چه پراپر پریویلج موشن راؤ نه ړئ نو په دے باندے به اوس مونږه څه هغه اوکړو؟

(شور)

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو ہے، وہ تو ہے لیکن اس پر 'پراپر' وہ لے آئیں تاکہ اس پر اوپن ڈیبیٹ ہو جائے۔
اجلاس کو مورخہ 21 ستمبر بروز منگل چار بجے سہ پہر تک کیلئے ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس بروز منگل مورخہ 21 ستمبر 2010 سہ پہر چار بجے تک کیلئے ملتوی ہو گیا)